© rasailojaraid.com



# تبصرہ کتب

تبصرہ نگار--ن-ر

**الفوز الاعظم شرح مسند الامام الأعظم** : **تالیف**: مولانا مجیب الرحمٰن۔ **ناشر**: دارالتصنیف دارالعلوم سعیدیہ اوگی مانسہرہ۔ **سائز**: 20×30/8۔ **صفحات**: 463۔ **قیمت**: درج نہیں۔

زیر نظر کتاب ''مسند امام اعظم'' کی مکمل اردو شرح ہے۔ جو ہزارہ ڈویژن کی معروف علمی شخصیت مولانا مفتی حفیظ الرحمٰن صاحب کے فرزند مولانا مجیب الرحمٰن کی علمی کاوش ہے۔ شرح میں ان کا اسلوب یہ ہے کہ وہ سب سے پہلے حدیث کا غیر مشکول عربی متن اور اس کا ترجمہ ذکر کرتے ہیں۔ بعد ازاں غریب الحدیث کا حل، تشریح طلب جملوں کی وضاحت اور عنوانات قائم کر کے حدیث شریف سے مستنبط ہونے والے مسائل، نکات اور فوائد بیان کرتے ہیں، حدیث میں مذکور کسی فقہی مسئلہ میں ائمہ کا اختلاف ہو تو اسے بھی دلائل کے ساتھ بیان کر کے مخالفین کے دلائل کا جواب دیتے ہوئے قول راجح کی مدلل تعیین کرتے ہیں۔ کبھی کبھار مسند کی کسی حدیث کی تخریج بھی کر دیتے ہیں۔ مگر اس کا اہتمام نہیں کرتے۔ البتہ حوالہ جات کا انہوں نے پوری کتاب میں خوب اہتمام کیا ہے، جس سے یہ درسی شرح ایک تحقیقی کتاب کی حیثیت اختیار کر گئی۔

فاضل مولف کا انداز واسلوب اگرچہ ٹھوس اور تحقیقی ہے مگر پیچیدہ ہرگز نہیں۔ شرح سے ہر قسم کی استعداد کے طلبہ استفادہ کر سکتے ہیں۔ مسند امام اعظم کی یہ انتہائی جامع مختصر اور تحقیقی شرح ہے، امید ہے کہ اہل علم اس کی کماحقہ قدردانی کریں گے۔ تاہم اگر اگلے ایڈیشن میں مسند کی احادیث کی مکمل تخریج، حدیث کے متن پر اعراب اور کسی ماہر اردو دان سے زبان کی اصلاح کر دی جائے تو کتاب کو چار چاند لگ جائیں گے۔ نیز سیٹنگ میں بھی سلیقہ مندی کی گنجائش ہے۔

**تحفة القاري لحلّ مافي صحيح البخاري** : **تالیف**: مولانا محمد یوسف مدنی۔ **ناشر**: مکتبہ

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

الشیخ 445/3 بہادر آباد کراچی 5۔ سائز: 20×30/8 صفحات: 561۔ قیمت: درج نہیں۔

اہل علم کے درمیان یہ امر زیر بحث رہا ہے کہ ''اصح الکتب بعد کتاب اللہ'' کا اعزاز کس کتاب کو حاصل ہے۔ بعض حضرات مثلاً امام شافعیؒ نے ''علوسند'' کی بناء پر ''موطأ امام مالک'' کو ''اصح الکتب بعد کتاب اللہ'' قرار دیا۔ اسپین، اندلس، الجزائر، تیونس، مراکش وغیرہ کے اہل علم جنہیں ''مَغاربہ'' کہا جاتا ہے، نے ''صحیح مسلم'' کا نام لیا ہے، مگر جمہور اہل علم نے ''صحیح بخاری'' کو کتاب اللہ کے بعد صحیح ترین کتاب قرار دیا ہے۔ اسی اعزاز و مقبولیت کی وجہ سے اس کتاب کی اہل علم نے مختلف زبانوں میں بہت زیادہ گراں قدر خدمت کی ہے اور یہ سلسلہ شروح، درسی تقاریر، امالی وغیرہ کی صورت میں اب بھی جاری ہے۔

زیر تبصرہ کتاب بھی اسی سنہری سلسلے کی ایک کڑی ہے، جسے بزرگ عالم دین مولانا محمد یحییٰ مدنی صاحب کے صاحبزادے مولانا محمد یوسف مدنی نے تالیف کیا ہے۔ زیر نظر کتاب صحیح بخاری کے ''کتاب الجہاد والسیر'' کی شرح ہے۔ فاضل مؤلف نے اس شرح میں جو کام کیا ہے، وہ یہ ہے: تراجم ابواب کی اغراض و مقاصد، حدیث کے متن پر اعراب، غریب الحدیث کا حل، حدیث کا سلیس ترجمہ اور جامع و مختصر تشریح، مشکل الحدیث کی توجیہات، حدیث پر وارد ہونے والے اعتراض اور ان کے جواب، علمی فوائد و نکات، احادیث متعارضہ کا حل۔

غرض یہ صحیح بخاری کی ''کتاب الجہاد والسیر'' کی جامع و مختصر شرح ہے۔ فاضل مؤلف کا اسلوب آسان اور عام فہم ہے۔ امید ہے علماء و طلبہ اور طالبات اس کی قدر دانی کریں گے۔

**اصحاب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کا مدبّرانہ دفاع** : **تالیف:** حضرت مولانا محمد بشیر احمد حامد حصاری، **ناشر:** مکتبۃ الفیض غزنی اسٹریٹ اردو بازار لاہور، **صفحات:** 360، **سائز:** 23×36/16، **قیمت:** 350 روپے۔

اہل سنت و جماعت کا اس امر پر اتفاق ہے کہ تمام صحابہ کرامؓ عادل اور معیارِ حق ہیں، دین کی معتبر اور صحیح تشریح و تعبیر ان نفوس قدسیہ کے نقوشِ قدم میں رہنمائی تلاش کیے بغیر ممکن نہیں ہے۔ مگر دین کی بنیادوں کو کھوکھلا کرنے کے لئے دشمنانِ اسلام کی طرف سے شروع دن ہی سے ان پاک طینت ہستیوں کا دامن داغ دار کرنے کی ہزاروں کوششیں کی گئیں، خود ساختہ تاریخی داستانوں کے ذریعے جلیل القدر صحابہ کرامؓ کے باہمی تعلقات کو مکدر ثابت کرنے کی مکروہ مساعی کی گئیں۔ ماضی قریب کے بعض اردو خواں ''محققین''، جن کے مبلغ علم کا حال یہ ہے کہ بیچارے عربی کی ایک سطر لکھنے پر بھی قدرت نہیں رکھتے، انہوں نے بھی مسلمانوں کے دلوں میں ان قدسی صفات ہستیوں کے متعلق شکوک و اوہام کے کانٹے بو کر جلتی پر تیل کا کام کیا، پھر رافضیت اور ناصبیت کی کشمکش نے معتدل حقائق پر کذب و افتراء کی مزید غلیظ تہیں چڑھا دیں۔ خاص طور پر خلفائے ثلاثہؓ اور حضرات اہل بیت کے متعلق زبردست منفی پروپیگنڈہ کیا گیا اور یہ تاثر دینے کی

© rasailojaraid.com